# HISTORY OF PAKISTAN HSSC–I

## SECTION – A (Marks 20)

**Time allowed: 25 Minutes** **Version Number 1 8 5 5**

**Note: Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on the separately provided OMR Answer Sheet which should be completed in the first 25 minutes and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.**

**Q. 1 Choose the correct answer A / B / C / D by filling the relevant bubble for each question on the OMR Answer Sheet according to the instructions given there. Each part carries one mark.**

1) Who wanted to become the joint Governor General of both India and Pakistan?
   A. Lord Wavell B. Lord Mountbatten
   C. Lord Attlee D. Radcliffe

2) Which decision is called territorial murder?
   A. Division of India B. Indus Basin Water Treaty
   C. Radcliffe Award D. Division of Assets

3) On September 05, 1947 AD Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah accepted the accession of ________ state to Pakistan.
   A. Jammu and Kashmir B. Hyderabad
   C. Bahawalpur D. Junagarh

4) West Pakistan One Unit was established on 14th of October:
   A. 1954 AD B. 1955 AD C. 1956 AD D. 1957 AD

5) Who succeeded Ch. Muhammad Ali as Prime Minister of Pakistan?
   A. Hussain Shaheed Suhrawardy B. Muhammad Ali Bogra
   C. Feroz Khan Noon D. I.I. Chundrigar

6) Under the constitution of Pakistan 1962, Urdu and ________ were declared National Languages.
   A. Sindhi B. Punjabi C. Balochi D. Bengali

7) PRODA was passed during the Government of:
   A. Liaqat Ali Khan B. Khawaja Nazim-ud-Din
   C. Muhammad Ali Bogra D. Ch. Muhammad Ali

8) Which ambassador of Pakistan to America was later made Primer Minister of Pakistan?
   A. Sir Zafar Ullah Khan B. Raja Ghazanfar Ali
   C. Muhammad Ali Bogra D. I.I. Chundrigar

9) Establishment of Pakistan Mint and printing of currency notes started in the Government of:
   A. Khawaja Nazim-ud-Din B. Muhammad Ali Bogra
   C. Ch. Muhammad Ali D. Liaqat Ali Khan

10) Under Ayub Khan's agricultural reforms ________ acres of land was allowed for Gardens and Pastures.
    A. 100 B. 150 C. 200 D. 250

11) During Ayub Khan's Government, number of the members of Basic Democracies was:
    A. 60 thousand B. 70 thousand C. 80 thousand D. 90 thousand

12) The February 1960 AD presidential election was contested by ________ candidate(s).
    A. One B. Two C. Three D. Four

13) Shifting of capital form Karachi to Islamabad took place in the government of:
    A. Yahya Khan B. Sikandar Mirza C. Ayub Khan D. Feroze Khan Noon

14) Indian forces attacked East Pakistan in:
    A. September 1971 AD B. October 1971 AD
    C. November 1971 AD D. December 1971 AD

15) Which party won majority seats in West Pakistan in 1970 AD General Elections?
    A. Pakistan Peoples Party B. Awami League
    C. Muslim League D. Jamat-e-Islami

16) Peoples Republic of China was established in:
    A. 1946 AD B. 1947 AD C. 1948 AD D. 1949 AD

17) China – Pakistan border settlement took place during the Government of:
    A. Ayub Khan B. Yahya Khan
    C. Feroz Khan Noon D. Muhammad Ali Bogra

18) Pakistan got membership of UNO on September 30:
    A. 1947 AD B. 1948 AD C. 1949 AD D. 1950 AD

19) Pakistan joined SEATO in:
    A. 1953 AD B. 1954 AD C. 1955 AD D. 1956 AD

20) Pakistan's first ambassador to Iran was:
    A. I.I Chundrigar B. Raja Ghazanfar Ali
    C. Muhammad Ali Bogra D. Qazi Muhammad Essa

# تاریخ پاکستان ایچ ایس ایس سی-I

| Version No. | 1 | 8 | 5 | 5 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر(OMR) جوابی کاپی پردیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: مہیا کی گئی اوایم آر(OMR) جوابی کاپی پردی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) ہندوستان و پاکستان دونوں ریاستوں کا مشترکہ گورنر جنرل کون بننا چاہتا تھا؟
A لارڈ ویول B لارڈ ماؤنٹ بیٹن C لارڈ اٹیلی D ریڈکلف

2) کون سا فیصلہ علاقائی قتل قرار دیا جاتا ہے؟
A تقسیم ہند B سندھ طاس معاہدہ آب C ریڈکلف ایوارڈ D اثاثہ جات کی تقسیم

3) پانچ ستمبر 1947ء کو قائداعظم محمد علی جناح نے ریاست ________ کا پاکستان سے الحاق منظور کیا۔
A جموں و کشمیر B حیدر آباد C بہاولپور D جوناگڑھ

4) وحدت مغربی پاکستان (ون یونٹ) کا قیام 14 اکتوبر ________ کو عمل میں آیا۔
A 1954ء B 1955ء C 1956ء D 1957ء

5) چودھری محمد علی کے بعد پاکستان کے وزیراعظم کون بنے؟
A حسین شہید سہروردی B محمد علی بوگرہ C فیروز خان نون D آئی۔آئی چندریگر

6) 1962 کے دستور کے تحت اردو اور ________ قومی زبانیں تھیں۔
A سندھی B پنجابی C بلوچی D بنگالی

7) پروڈا(PRODA) کا قانون کس کے عہد حکومت میں منظور ہوا؟
A لیاقت علی خان B خواجہ ناظم الدین C محمد علی بوگرہ D چودھری محمد علی

8) امریکہ میں متعین پاکستانی سفیر ________ کو بعد میں ملک کا وزیر اعظم مقرر کیا گیا۔
A سرظفر اللہ خان B راجہ غضنفر علی C محمد علی بوگرہ D آئی۔آئی چندریگر

9) کرنسی نوٹ چھاپنے اور پاکستان منٹ کا قیام کس کے عہد حکومت میں ہوا؟
A خواجہ ناظم الدین B محمد علی بوگرہ C چودھری محمد علی D لیاقت علی خان

10) ایوب خان کی زرعی اصلاحات کے تحت ________ ایکڑ زمین باغات اور چراگاہوں کے لیے رکھنے کی اجازت دی گئی۔
A 100 B 150 C 200 D 250

11) ایوب عہد حکومت میں اراکین بنیادی جمہوریت کی تعداد کتنی تھی؟
A 60ہزار B 70ہزار C 80ہزار D 90ہزار

12) فروری 1960ء کے صدارتی انتخاب میں ________ امیدوار/امیدواران نے حصہ لیا۔
A ایک B دو C تین D چار

13) دارالحکومت کی کراچی سے اسلام آباد منتقلی کس کے عہد حکومت میں ہوئی؟
A یحییٰ خان B سکندر مرزا C ایوب خان D فیروز خان نون

14) بھارتی افواج نے مشرقی پاکستان پر حملہ کب کیا؟
A ستمبر 1971ء میں B اکتوبر 1971ء میں C نومبر 1971ء میں D دسمبر 1971ء میں

15) 1970ء کے عام انتخابات میں مغربی پاکستان سے کس جماعت نے اکثریتی نشستیں جیتیں؟
A پاکستان پیپلز پارٹی B عوامی لیگ C مسلم لیگ D جماعت اسلامی

16) عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا:
A 1946ء میں B 1947ء میں C 1948ء میں D 1949ء میں

17) چین پاکستان سرحدی تصفیہ کس کے عہد حکومت میں ہوا؟
A ایوب خان B یحییٰ خان C فیروز خان نون D محمد علی بوگرہ

18) پاکستان کو اقوام متحدہ کی رکنیت 30 ستمبر ________ کو حاصل ہوئی۔
A 1947ء B 1948ء C 1949ء D 1950ء

19) پاکستان نے سیٹو (SEATO) میں شمولیت ________ میں اختیار کی۔
A 1953ء B 1954ء C 1955ء D 1956ء

20) ایران میں پاکستان کے پہلے سفیر تھے:
A آئی۔آئی چندریگر B راجہ غضنفر علی C محمد علی بوگرہ D قاضی محمد عیسیٰ

58

# HISTORY OF PAKISTAN HSSC–I

**Time allowed: 2:35 Hours** **Total Marks Sections B and C: 80**

**NOTE: Answer any ten parts from Section 'B' and any three questions from Section 'C' on the separately provided answer book. Use supplementary answer sheet i.e. Sheet–B if required. Write your answers neatly and legibly.**

## SECTION – B (Marks 50)

**Q. 2 Answer any TEN parts. The answer to each part should not exceed 5 to 7 lines.** **( 10 x 5 = 50 )**

(i) How was the shifting of Government servants carried out at the birth of Pakistan? Write briefly.

(ii) Describe any two economic problems faced by Pakistan on the eve of Independence.

(iii) Why did the office of the President become important under the 1956 AD constitution? Describe briefly.

(iv) Write a note on the dissolution of first constituent assembly.

(v) Give a brief view of Educational reforms of Ayub's Era.

(vi) State any two causes of Ayub Khan's downfall.

(vii) What were the reasons of annulment of West Pakistan One Unit? Describe briefly.

(viii) Describe any two causes of the separation of East Pakistan.

(ix) Write a brief note on Yahya Khan.

(x) Enlist the six points of Shiekh Mujeeb-ur-Rehman.

(xi) Which countries signed Istanbul Pact (RCD) and what were the points of agreement? Describe briefly.

(xii) Give a brief analysis of Liaqat Ali Khan's visit to the United States of America.

(xiii) Write a short note on Bonus Voucher scheme introduced by Ayub Khan.

## SECTION – C (Marks 30)

**Note: Attempt any THREE questions. All questions carry equal marks.** **( 3 x 10 = 30 )**

**Q. 3** Examine the services of the Father of Nation, Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah, as Governor General of Pakistan.

**Q. 4** What guiding principles for constitution making were set in the Objectives Resolution? What importance does it have in constitutional history of Pakistan? Explain.

**Q. 5** State the events and impacts of September 1965 AD war between India and Pakistan.

**Q. 6** Give a detailed view of China Pakistan friendly relations.

# تاریخ پاکستان ایچ ایس سی-I

وقت:2:35 گھنٹے — کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم میں سے دس(10) اجزاء ، اور حصہ سوم میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کیجیے۔ ایکسٹرا شیٹ(Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دس(10) اجزاء کے پانچ سے سات سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x5=50)

(i) قیام پاکستان کے وقت سرکاری ملازمین کی پاکستان منتقلی کا مسئلہ کس طرح حل کیا گیا؟ مختصراً تحریر کیجیے۔

(ii) آزادی کے وقت پاکستان کو درپیش معاشی مسائل میں سے کسی دو کا تذکرہ کیجیے۔

(iii) 1956ء کے آئین کے تحت صدر کا منصب کیوں اہمیت اختیار کر گیا تھا؟ مختصراً بیان کیجیے۔

(iv) پہلی دستوریہ کی تحلیل پر نوٹ تحریر کیجیے۔

(v) ایوب خان کی تعلیمی اصلاحات کا مختصراً جائزہ لیجیے۔

(vi) ایوب خان کے زوال کے کوئی سے دو اسباب تحریر کیجیے۔

(vii) وحدت مغربی پاکستان کے خاتمہ کے اسباب مختصراً تحریر کیجیے۔

(viii) مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے کوئی سے دو اسباب بیان کیجیے۔

(ix) یحییٰ خان پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔

(x) شیخ مجیب الرحمٰن کے چھ نکات تحریر کریں۔

(xi) میثاق استنبول(RCD) کون سے ممالک کے درمیان طے پایا اور اس میں متفقہ امور کون سے تھے؟ مختصراً بیان کیجیے۔

(xii) لیاقت علی خان کے دورہ امریکہ کا مختصر جائزہ پیش کیجیے۔

(xiii) ایوب خان کی متعارف کردہ بونس ووچر سکیم پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (3x10=30)

سوال نمبر۳: بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی خدمات بطور گورنر جنرل پاکستان کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر۴: قراردادِ مقاصد میں دستور سازی کے لیے کن راہنما اصولوں کا تعین کیا گیا ہے؟ پاکستان کی آئینی تاریخ میں اس کو کیا اہمیت حاصل ہے؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر۵: پاکستان بھارت جنگ ستمبر 1965ء کے واقعات اور اثرات بیان کیجیے۔

سوال نمبر۶: پاکستان چین دوستانہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔